نصایح وبیانات دفتر ایت اﷲ العظمی حکیم (مدظله) بمناسبت ماه مبارک رمضان



دفتر
حضرت آیت اللہ العظمی
حاج سید محمد سعید طباطبائی حکیم (دام ظلہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شماره: ۱۰۴۲/۶۴
تاریخ: ۲۹ / شعبان / ۱۴۳۹
پیوست: ۱

شهر رمضان الذی انزل فیه القرآن هدیً للناس و بینات من الهدی والفرقان

البقره / ۱۸۵

امیر المومنین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ایک روز پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا اے لوگو آگاہ ہو جاو کہ خدا کا مہینہ اپنی تمام برکتوں اور مغفرتوں کے ساتھ تمہاری طرف آرہا ہے وہ مہینہ جو خدا کے نزدیک تمام مہینوں سے افضل ہے جسکے دن تمام دنوں سے بہتر اور جسکی راتیں تمام راتوں سے بہتر اور جسکے لمحے تمام لمحوں سے بہتر ہیں وہ مہینہ کہ جسمیں تم سب خدا کے مھمان ہو اور اُن لوگوں میں قرار دیئے گئے ہو جو لوگ خدا کی عبادت کے سزاوار ہیں

تمہاری سانسیں اس مہینے میں تسبیح اور تمہارا سونا عبادت ہے تمہارے اعمال اس میں قبول اور تمہاری دعائیں مستجاب ہیں:

سچی نیت اور پاک دل سے خدا سے چاہو کہ تمکو اس مہینہ کے دنوں میں روزہ رکھنے اور قرآن کی تلاوت کی توفیق عطا فرمائے کیونکہ سب سے بدبخت وہ شخص ہے جو اس بابرکت مہینہ میں خدا کی بخشش سے محروم رہ جائے۔

www.alhakeem.com

نصایح وبیانات دفتر ایت اﷲ العظمی حکیم (مدظله) بمناسبت ماه مبارک رمضان